## إعراب


### آيةُ الكُرسي تحليل
(Word analyses)

﴿مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهُ اِلَّا بِإِذْنِه﴾

کون ہے وہ جو شفاعت کر سکے اس کے پاس سوائے اس کے اذن سے

Who is he that can intercede with Him except with His Permission?

| مَنْ | ذَا | اَلَّذِيْ | يَشْفَعُ | عِنْدَ | هُ | اِلَّا | بِإِذْنِه |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کون | وہ | جو | شفاعت کر | پاس | اس | سوائے | اس کے اذن سے |



﴿مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهُ اِلَّا بِإِذْنِه﴾ ⟸ الجملة اسمية استئنافية لامحل لها

عِندَ

**یہاں ظرف** " عِندَ " **کے متعلَّق کی دوصورتیں ہیں۔**

1 ۔إِنَّهُ متعلِق يَشْفَعُ فعل ( عِندَ فعل مضارع يشفع سے **متعلّق ہے)**

2۔إِنَّهُ متعلّقِ بمحذوف لِكونه " حَالًا " مِن الضَمِيرِ فِي "يَشفَعُ "

**بیشک کہ وہ**(عِندَ)**متعلق ہے محذوف حال "**مستَقِرًا**" سے جو**"يَشفَعُ " فعل **میں مستتر ضمیر**" هُوَ " **کا حال ہے۔**

" أَيُّ يَشفَعُ مُستَقِرًا عِندَهُ " **جیسے کہ وہ شفاعت کرتا ہے(اس حال میں کہ )وہ قرار پکڑے ہے اس کے پاس**

**ان دوصورتوں میں سے دوسری زیادہ قوی ہے۔ جس سے معنی نکلتا ہے۔**

لَم يشفع عنده مَنْ هُوَ عنده و قَرِيبٌ مِنهُ فَاشَافَةُ غَيرِهِ أَبعَدُ

ہر گز نہیں شفاعت کر سکتااس کے پاس وہ جواس سے قریب ہے(اس حال میں کہ )وہ قرار پکڑے ہوئے ہے(قریب ہے)۔تو وہ کیسے شفاعت کر سکتا ہے؟ جو اُس کے علاوہ دور ہو۔

بِإِذْنِ

" بِإِذْنِ" **جار مجرور بھی یہاں** "يَشفَعُ فعل کی مستتر ضمیر هُوَ" فاعل **کے محذوف حال سے**متعلِّق ہے**۔تو یہاں معنی ہوگا۔**

لَا أَحَدَ يَشفَعُ عِندَه مَأذونًا لَهُ مِنْهُ **(کوئی ایک بھی نہیں ہے وہ شفاعت کر سکتااس کے ہاں سوائے وہ جو اس حال میں ہے کہ اس کے اِذن سے "جس کو اجازت دی گئی"اس کیطرف سے۔**

**خلاصہ: یہاں**" عِندَ " ظرف **اور** جار مجرور " بِإِذْنِ "**دونوں کا متعلق دو ہو سکتے ہیں**

1 ۔ فعل يَشْفَعُ

2 ۔محذوف حال (مُستَقِرًّا اور مَأذونًا )

**اور جب حال سے متعلق ہو تو حال کا**" صاحبُ الحَال " **دونوں صورتوں میں** يَشْفَعُ **کی** هُوَ ضمير مستتر ہے۔**جس کی حالت بتائی جارہی ہے۔**و الله عالم

| عربی لفظ Arabic | کلمہ کی قسم Type of word | تشکیل Earab | صيغة Number/gender/capacity | پوزیشن Word position |
|---|---|---|---|---|
| مَنْ | اسمُ الإسْتفهام بمعنى النفي | مبنيّ على السكون في محلّ رفعٍ | واحدمذكر | مبتدأ |
| ذَا | الِاسمُ الِاشارةللبعيد | مبنيّ على السكون في محلّ رفعٍ | واحدمذكر | خبر ُهَو ُمبْدَل ِمنْه |
| اَلَّذِيْ | اسم الموصول الخاص | مبنيّ على السكون في محلّ رفعٍ | واحدمذكر | بَدُل الكل |
| يَشْفَعُ (ش ف ع) | فعل مضارع ثلاثي مجرد ( شَفعَ يَشفَعُ باب فَتحَ) | مَرْفُوْعٌ وَ عَلَامَةُ رَفعِهِ الضَّمَّةُ الظَّاهِرَة | واحدمذكر غائب | فعل مضارع<br>فاعل مستتر ُهَو ضمير |
| عِنْدَ | ظرف مكان مجازي | مَنْصُوبٌ وَ عَلَامَةُ نَصْبِه الفَتحَةُ الظَّاهِرَة | – | متعلق فعل اَو متعلق<br>محذوف حال مُسْتَقِرًا |
| هُ | ضمير مُتصِل | مبنيّ على الضَّمّة في محلّ جَرّ | – | مضاف إليه |
| اِلَّا | حرف الاِسْتِثْنَاءِ | مبنى الاصل لامحل له من الاعراب | - | أَداُة الِاسْتِثْنَاءِ(حَصَر) |
| (مَأْذُونًا) | اسم مفعول | مَنْصُوبٌ وَ عَلَامَةُ نَصْبِه الفَتحَةُ الظَّاهِرَة | - | حال ِمنْ فَاِعل َيشْفَعُ<br>مستتر ُهَو ضمير |
| بِ | حرف جرّ | مبنى الاصل لامحل له من الاعراب | - | الباءُ للمُصَاحِبة اَو الاستعانة |
| إِذْنِ | اسم | مجرور عَلَامةُ جرّه الكسرة الظَّاهِرَة | واحدمذكر | اسم مجرور<br>بِإِذْنِ جار مجرور متعلق<br>محذوف حال مَأْذُونًا |
| هِ | ضمير مُتّصِل | مبنيّ على الكسرة في محل جرّ | واحدمذكر | مضاف إليه |